نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کے کاشتکار فصل کی باقیات کو آگ ہرگز نہ لگائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:**02 ستمبر2026**:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پنجاب ماحولیاتی تحفظ قوانین 2023 کی دفعہ 7 کے تحت دھان، گندم، مکئی، کماد و دیگر فصلوں کی باقیات و مڈھوں کو آگ لگانا جُرم ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ رواں برس دھان کی باقیات کو آگ لگانے والوں کی براہ راست GIS اور ریموٹ سینسنگ کے ذریعے نگرانی کی جا رہی ہے۔اس کے علاوہ دھان کی باقیات کو گزشتہ برس آگ لگانے والوں کی فہرستیں بھی تیار کر لی گئی ہیں اور انہیں نوٹسز جاری کئے جا رہے ہیں۔دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے فضائی آلودگی میں اضافہ سمیت زمین میں موجود نامیاتی مادہ کو نقصان پہنچتا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کاشتکاروں کو متنبہ کیا ہے کہ دھان کی باقیات کو آگ لگانے سے گرفتاری، سزا اور جرمانہ ہو سکتا ہے۔کاشتکار دھان کی کٹائی محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سائنسی انداز میں کریں۔

☆☆☆☆